**08.04.2025**
**13.50 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں محمد عمار
**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے مُدرا یوجنا کے 10 سال پورے ہونے پر اس کی تعریف کرتے ہوئے، اِسے خاموش انقلاب قرار دیا ہے، جس کے نتیجے صنعت کاروں کو بااختیار بنایا گیا ہے۔
☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے دوبئی کے ولی عہد شہزادے شیخ ہمدان بن محمد المخدوم کے ساتھ دونوں ملکوں کے درمیان رشتوں کو مضبوط کرنے پر بات چیت کی ہے۔
☆ جموں وکشمیر کی تین اور سیاسی تنظیموں نے خود کو علیحدگی پسند حریت کانفرنس سے الگ کرلیا ہے۔
☆ چین نے امریکہ کے صدر ٹرمپ کی طرف سے مزید 50 فیصد محصول لگانے کو بلیک میل کرنے کا ہتھکنڈہ قرار دیا ہے۔
☆ اور آج IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں دو میچ کھیلے جائیں گے۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Mudra Yojana**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج زور دے کر کہا کہ اُن کی سرکار ایک مضبوط ایکو سسٹم کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز رکھے گی، جہاں پر امنگوں والے صنعت کاروں کو قرض تک رسائی حاصل ہو اور اُنہیں اعتماد اور ترقی کا موقع فراہم ہو۔ پردھان منتری مدرا یوجنا کے 10 سال مکمل ہونے کے موقع پر ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے اُجاگر کیا کہ اِس اسکیم نے کئی خوابوں کو حقیقت میں بدل دیا ہے۔ اِس اسکیم سے ایسے لوگوں کو بااختیار بنایا گیا ہے، جنہیں پہلے مالی مدد سے محروم رکھا جاتا تھا۔ جناب مودی نے کہاکہ مدرا یوجنا سے فائدہ حاصل کرنے والے آدھے سے زیادہ لوگوں کا تعلق درج فہرست ذاتوں، درج فہرست قبائل اور دیگر پسماندہ طبقات سے ہے۔ اِس اسکیم کے 70 فیصد سے زیادہ مستفیدین خواتین ہیں۔ وزیراعظم مودی نے اپنی رہائش گاہ پر اِس اسکیم سے فائدہ حاصل کرنے والے لوگوں کے ساتھ بات چیت بھی کی۔
اُنہوں نے اُجاگر کیا کہ مدرا یوجنا نے لاتعداد افراد کو اپنی کاروباری صلاحیتوں کو ظاہر کرنے کے مواقع فراہم کئے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ اِس اسکیم کے تحت ملک کے شہریوں کو بغیر کسی ضمانت کے 33 لاکھ کروڑ روپے دیئے گئے ہیں۔

**S/B: PM Modi on Women**

وزیراعظم مودی نے اُجاگر کیا کہ اِس اسکیم کا مقصد نوجوانوں کو بااختیار بنانا، انہیں روزگار تلاش کرنے والے کی جگہ روزگار فراہم

کرنے والے افراد بنا کر خودکفیل اور اعتماد سے بھرپور بنانا ہے۔

**S/B: PM Modi on Employment**

بات چیت کے دوران پردھان منتری مدرا یوجنا سے فائدہ حاصل کرنے والے لوگوں نے وزیرِاعظم کے ساتھ اپنے کاروباری تجربات مشترک کئے۔

**S/B: Beneficiaries Kerala + Raipur**

پردھان منتری مدرا یوجنا بہت چھوٹی اور چھوٹی صنعتوں کو **20** لاکھ روپے تک کی ضمانت کے بغیر قرضے فراہم کرتی ہے۔ پچھلے دس سال میں اِس اسکیم کے تحت **33** لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے **52** کروڑ سے زیادہ قرضوں کو منظوری دی گئی ہے۔ ریاستوں میں تمل ناڈو نے سب سے زیادہ مدرا یوجنا کے تحت قرضے تقسیم کئے ہیں۔ اِس کے بعد اترپردیش، اور کرناٹک نے قرضے فراہم کئے ہیں۔ مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں جموں وکشمیر سرفہرست ہے۔×

**Prez- Portugal Visit**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، اپنے پُرتگال دورے کے دوسرے اور آخری دن پرتگالی وزیرِاعظم **Luis Montenegro** سے ملاقات کریں گی۔ کل صدر جمہوریہ مرمو نے پرتگال کے صدر کے ساتھ مختلف امور پر تفصیلی بات چیت کی۔ بھارت اور پرتگال نے اقوام متحدہ اور دیگر شعبوں میں باہمی تعاون اور اشتراک کو بڑھانے پر اتفاق کیا۔ آج صدرِ جمہوریہ پُرتگالی جمہوریہ کی اسمبلی، چمپالم فاؤنڈیشن اور رادھا کرشن مندر کا بھی دورہ کریں گی۔ صدرِ جمہوریہ **Alameda** میں مہاتما گاندھی کے مجسمے کا بھی دورہ کریں گی اور وہ مہاتما گاندھی اور کستوربا گاندھی کے مجسّموں پر گلہائے عقیدت نذر کریں گی۔ محترمہ مرمو پرتگال میں بھارتی برادری کے لوگوں سے بھی ملاقات کریں گی۔ اُن کا مختلف یونیورسٹیوں اور تعلیمی اداروں کے کچھ بھارتی محققین سے بھی ملاقات کرنے کا پروگرام ہے۔×

**Dubai Crwon Prince**

دوبئی کے ولی عہد شہزادے ، نائب وزیر اعظم اور متحدہ عرب امارات کے وزیر دفاع شیخ ہمدان بن محمد المخدوم کا آج دو روزہ دورے پر نئی دلّی پہنچنے پر وزیرِمملکت سریش گوپی نے ہوائی اڈے پر استقبال کیا۔ دوبئی کے ولی عہد شہزادے کی حیثیت سے وہ پہلی بار بھارت کے سرکاری دورے پر آئے ہیں۔ کئی وزیر، اعلیٰ سرکاری عہدیدار اور ایک اعلیٰ تجارتی وفد بھی اُن کے ساتھ آیا ہے۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے دوبئی کے ولی عہد شہزادے شیخ ہمدان بن محمد المخدوم کے ساتھ دونوں ملکوں کے درمیان رشتوں کو مضبوط کرنے پر بات چیت کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے ولی عہد شہزادے کے دونوں ملکوں کے درمیان وسیع اور جامع تعلقات کیلئے اُن کے مثبت جذبات کی تعریف کی ہے۔ ولی عہد شہزادہ ، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ سے بھی بات چیت کریں گے۔

شام میں ولی عہد شہزادے ممبئی کیلئے روانہ ہوجائیں گے، جہاں وہ دونوں ملکوں کے سرکردہ کاروباری رہنماؤں کے ساتھ ایک کاروباری گول میز اجلاس میں شرکت کریں گے۔

اس بات چیت سے روایتی اور مستقبل کے شعبوں میں بھارت اور **UAE** کے درمیان اقتصادی اور تجارتی تعاون مستحکم ہوگا۔×

**HM - J&K Hurriyat Groups**

جموں وکشمیر کی تین اور سیاسی تنظیموں نے خود کو علیحدگی پسند حریت کانفرنس سے الگ کرلیا ہے۔ اِن میں جموں وکشمیر اسلامک پالیٹیکل پارٹی ، جموں اینڈ کشمیر مسلم ڈیموکریٹک لیگ اور کشمیر فریڈم فرنٹ شامل ہیں۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر اِن تینوں سیاسی تنظیموں کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے بھارت کے آئین میں لوگوں کے اعتماد کا اظہار ہوتا ہے۔ جناب شاہ نے یہ بھی کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کے متحدہ اور مضبوط بھارت کے نصب العین کو مزید تقویت ملی ہے کیونکہ اب تک 11 تنظیمیں خود کو علیحدگی پسندوں سے الگ کرچکی ہیں۔ مرکزی وزیرِ داخلہ اِن دنوں جموں وکشمیر کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ x

**Hyderabad Universicty Protests**

تلنگانہ کی ریاستی حکومت نے یونیورسٹی کے قریب واقع کانچا گچی باؤلی میں 400 ایکڑ اراضی پر درختوں کی کٹائی پر احتجاج کے سلسلے میں یونیورسٹی آف حیدرآباد کے طلبا کے خلاف درج مقدمات کو واپس لینے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ نائب وزیر اعلیٰ Mallu Bhatti Vikramarka نے پولیس کو ہدایت دی کہ وہ طلبا کے خلاف درج مقدمات واپس لے لیں۔ زمین کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے تشکیل کردہ تین رکنی وزارتی گروپ نے ایک میٹنگ کی، جہاں یونیورسٹی آف حیدرآباد کے اساتذہ کی تنظیم اور سول سوسائٹی کے گروپوں نے کئی مانگیں کیں۔ اِن مانگوں میں یونیورسٹی آف حیدرآباد کیمپس سے پولیس کو ہٹانا، امتناعی احکامات کو واپس لینا، احتجاج کرنے والے طلبا کے خلاف درج تمام مقدمات کو ختم کرنا اور فی الحال عدالتی تحویل میں موجود دو طلبا کو فوری طور پر رہا کرنا شامل ہے۔
اِس دوران وزارتی کمیٹی نے واضح کیا کہ سپریم کورٹ کے احکامات کے مطابق 400 ایکڑ اراضی کی حفاظت کے لیے پولیس کی موجودگی ضروری ہے۔x

**Poshan Pakhwada**

خواتین اور بچوں کی ترقی سے متعلق وزارت آج سے ساتواں پوشن پکھواڑہ منا رہی ہے۔ اس کا مقصد ملک بھر میں ناقص غذائیت کے مسئلے کو حل کرنے کیلئے سرکار کے عزم کا اظہار کرنا ہے۔ اس پکھواڑے کے دوران چار بنیادی پہلوؤں پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ ان میں بچوں کی زندگی کے ابتدائی ایک ہزار دنوں میں دیکھ بھال ، پوشن ٹریکر سے فائدہ اٹھانے کیلئے اِسے مقبول بنانا ، ناقص غذائیت کے مسئلے سے موثر طور پر نمٹنا اور صحت مند طرز زندگی کو فروغ دینا ہے تاکہ موٹاپے کے مسئلے سے نمٹا جا سکے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اِس اہم پروگرام پوشن ابھیان کی شروعات کی تھی، جس کا مقصد تغذیہ بخش خوراک کی کمی پر قابو پانا تاکہ حاملہ خواتین ، دودھ پلانے والی ماؤں ، کمسن لڑکیوں اور چھ سال تک کی عمر کے بچوں میں غذائیت کو بہتر بنایا جاسکے۔ x

**China US Tariff Response**

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے بیجنگ کے جوابی محصولات واپس نہ لینے کی صورت میں چینی اشیاء پر 50 فیصد اضافی محصولات عائد کرنے کی دھمکی کے بعد چین نے سخت ردِعمل کا اظہار کیا ہے۔ چین کی وزارت تجارت نے کہا ہے کہ وہ اسے کبھی بھی قبول نہیں کرے گی۔ وزارت نے اِسے امریکہ کے 'بلیک میل کرنے کے ہتھکنڈوں' کے طور پر بیان کیا ہے۔ اُس نے بڑھتے ہوئے تجارتی تنازعے میں آخر تک لڑنے کا عزم کیا ہے۔ اگر یہ محصولات عائد کئے جاتے ہیں تو اِس سے چین کی کچھ

درآمدات پر 104 فیصد تک ٹیکس کا بوجھ پڑ سکتا ہے۔
اس سے قبل امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ جب تک کہ چین اپنا جوابی اقدام واپس نہیں لیتا،وہ امریکہ میں درآمد کی جانے والی چینی اشیاء پر اضافی 50 فیصد ٹیرف نافذ کریں گے۔×

## US Iran Nuclear Deal

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ نے ایران کے ساتھ اُس کے جوہری پروگرام کے حوالے سے براہ راست بات چیت شروع کر دی ہے۔ اگرچہ ایران نے اِس سے قبل واشنگٹن کی جانب سے مذاکرات کی پیشکش کو ٹھکرا دیا تھا۔
اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو کے ہمراہ کل وہائٹ ہاؤس میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے موجودہ حالات کے تناظر میں بات چیت کی فوری ضرورت پر زور دیتے ہوئے خبردار کیا کہ اگر ایران کے جوہری عزائم سے نمٹنے کی سفارتی کوششیں ناکام ہوئیں تو ایران کو اس کے سنگین نتائج بھگتنے ہوں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تہران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔
اس مہینے کے شروع میں صدر ٹرمپ نے خبردار کیا تھا کہ اگر ایران نے معاہدے تک پہنچنے سے انکار کیا تو امریکہ فیصلہ کن کارروائی کرے گا، اِس میں بمباری اور فوجی حملے شامل ہیں۔ انہوں نے مزید خبردار کیا کہ اس کے حملے اپنے حجم اور شدت میں غیر معمولی ہوں گے۔×

## Ukraine Delegates US

یوکرین اِس ہفتے مذاکرات کاروں کو امریکہ بھیجنے کا ارادہ رکھتا ہے، تاکہ اس کے نایاب زمینی معدنیات کے ذخائر تک رسائی کے لیے واشنگٹن کے تازہ ترین مجوزہ معاہدے پر بات چیت کی جا سکے۔ ٹیم متنازعہ معاہدہ سے متعلق مذاکرات کو آگے بڑھانے کے لیے امریکہ کا سفر کرے گی۔
امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے یوکرین کیلئے روس کے حملے کے خلاف امریکی حمایت جاری رکھنے کیلئے یہ اہم شرط رکھی ہے کہ امریکہ کو یوکرین میں اہم معدنیات تک رسائی فراہم کی جائے۔
یوکرین کے قیمتی قدرتی وسائل تک امریکہ کو ترجیحی رسائی فراہم کرنا، جنگ کے بعد یوکرین کی طویل مدتی سلامتی اور تعمیرنو کیلئے اہم ہے۔×

## S. Korea - Snap Election

جنوبی کوریا کی سرکار نے جون کی تین تاریخ کو وسط مدتی صدارتی چناؤ کرانے کی منظوری دی ہے۔ صدرYoon Suk Yeol کو مختصر عرصے کیلئے مارشل لاء نافذ کئے جانے کی وجہ سے گذشتہ ہفتے ، اُن کے عہدے سے ہٹا دیا گیا تھا۔ کابینہ نے قومی انتخابی کمیشن کے ساتھ صلاح و مشورے کے بعد آج تین جون کی تاریخ کی منظوری دی ہے کیونکہ اس دن چناؤ کیلئے عام چھٹی کی منظوری کی بھی ضرورت ہے۔ Yoon نے تین دسمبر کو مارشل لاء نافذ کرنے کا اعلان جاری کیا تھا اور آئینی عدالت نے اِس اعلان کو سرکاری فرائض کی خلاف ورزی اور پارلیمانی کارروائی کو روکنے کی کوشش کیلئے فوج کا استعمال کرنے کا مرتکب قرار دیا تھا۔ x

**IMD Weather**

بھارت کے موسمیات کے محکمے نے آج راجستھان ، سوراشٹر اور کَچھ میں لُو چلنے کی وارننگ جاری کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اگلے دو - تین دن تک ہریانہ ، چنڈی گڑھ ، مغربی مدھیہ پردیش ، گجرات ، پنجاب ، مغربی اترپردیش ، وِدربھ اور مشرقی مدھیہ پردیش میں بھی لُو چلنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اِس کے علاوہ، آج آسام ، میگھالیہ ،تمل ناڈو ، پڈوچیری ، کرائیکل ، کیرالہ اور **Mahe** میں موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے۔**x**

**IPL-Cricket**

**IPL** کرکٹ ٹورنامنٹ میں، آج دو میچ کھیلے جائیں گے۔ دن میں ساڑھے تین بجے کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں پہلا میچ کولکاتہ نائٹ رائیڈرس اور لکھنؤ سُپر جائنٹس کے درمیان کھیلا جائے گا۔ دوسرے میچ میں شام ساڑھے سات بجے چنڈی گڑھ کے مہاراجہ **Yadavindra** سنگھ انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں پنجاب کنگس اور چنئی سُپر کنگس آمنے سامنے ہوں گے۔ **x**

☆☆☆